سوال

(944) ایسا لباس جس پر انگریزی لکھی ہو؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایسے لباس کا کیا حکم ہے جس پر انگریزی میں کچھ لکھا ہوا ہوتا ہے اور ہمیں معلوم نہیں ہوتا کہ کیا لکھا ہے۔ ممکن ہے کوئی غلط بات لکھی ہو؟ اور کیا یہ تشبیہ میں شامل ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ضروری ہے کہ پہلے ان انگریزی حروف و کلمات کے معانی وحقائق دریافت کیے جائیں۔ ممکن ہے یہ ایسے معانی کے حامل ہوں جو اخلاق و شرافت کے خلاف ہوں۔ تحریر (پرنٹ) کی تحقیق کیے بغیر، خواہ وہ انگریزی میں ہو یا کسی اور زبان میں، ایسے لباس کا پہننا جائز نہیں ہے۔ ممکن ہے وہ عبارت اسلامی شرف ووقار کے منافی ہو یا اس میں کفار کی تعظیم ہو جیسے کہ کھلاڑی ہوتے ہیں یا فلمی اداکار یا بعض ایجادات کے موجد وغیرہ۔ اگر ان تحریروں میں کفار کی تعظیم ہو تو ان کا پہننا ناجائز اور حرام ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ الفاظ کسی نیچ اور غلط معانی والے ہوں تو بھی ان کا پہننا جائز نہیں۔ الغرض ضروری ہے کہ پہلے ان پرنٹ شدہ الفاظ کے معانی معلوم کیے جائیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 674

محدث فتویٰ